شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

29اگست2025ء

پریس ریلیز

مغربی تہذیب مسلمانوں کے بدن سے روحِ محمد ﷺ نکالنے کے شیطانی ایجنڈا پر عمل پیرا ہے۔
توہینِ رسالت ﷺ و مقدسات کے ثابت شدہ مجرموں اور اُن کے سہولت کاروں کو قرار واقعی سزادی جائے۔
قادیانیت اور الحاد ایک ہی سکے کے دو رُخ ہیں۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): مغربی تہذیب مسلمانوں کے بدن سے روحِ محمد ﷺ نکالنے کے شیطانی ایجنڈا پر عمل پیرا ہے۔ توہینِ رسالت ﷺ و مقدسات کے ثابت شدہ مجرموں اور اُن کے سہولت کاروں کو قرار واقعی سزادی جائے۔ قادیانیت اور الحاد ایک ہی سکے کے دو رُخ ہیں۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ اگرچہ توہین رسالت ﷺ و مقدسات کی تاریخ بہت پرانی ہے اور حضور ﷺ کے ہاتھوں غلبۂ دین ہو جانے کے بعد عرب اور یورپ کے غیر مسلم مستشرقین نے آپ ﷺ کی ذاتِ اقدس اور دیگر اسلامی مقدسات پر رکیک حملے شروع کر دیے تھے۔ لیکن دورِ جدید میں سوشل میڈیا کے استعمال کے ذریعے اسلام دشمن قوتوں نے ناپختہ مسلم ذہنوں میں اسلام، قرآن اور صاحبِ قرآن ﷺ کے حوالے سے نہ صرف شکوک وشبہات پیدا کیے بلکہ اپنے شیطانی ایجنڈا کی تکمیل کے لیے توہینِ رسالت ﷺ و مقدسات کے نِت نئے طریقے اپنائے، جن کا سدِباب کرنا حکومتِ پاکستان، اعلیٰ عدلیہ، مقتدر حلقوں اور علماء کرام سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ اگرچہ مغربی تہذیب نے سیاسی اور معاشی گوشوں میں تو عالمِ اسلام کو پوری طرح مغلوب کر لیا ہے لیکن معاشرتی اور تہذیبی حوالے سے ابھی بھی دلِ مسلم میں قرآن مجید اور نبی اکرم ﷺ سے بے پناہ عقیدت اور محبت موجود ہے۔ حضور ﷺ کی ذاتِ گرامی سے جذباتی لگاؤ اور والہانہ عشق مسلمانوں کا حقیقی اثاثہ ہے جسے ختم کرنے کے لیے مغربی تہذیب ہر طرح کا ابلیسی حربہ استعمال کر رہی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ قادیانیت کا فتنہ بھی اِنہیں حربوں میں سے ایک ہے اور قادیانیت سے الحاد کو بھی تقویت دی جا رہی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ جب تک توہینِ رسالت ﷺ و مقدسات میں ملوث افراد، جن کا جرم ثابت ہو چکا ہے، کو قرار واقعی سزا نہیں دی جاتی، نہ صرف یہ فتنہ بڑھتا جائے گا بلکہ لاکھوں نہیں کروڑوں مسلمان غازی علم دین شہید اور ممتاز قادری شہید کی یاد تازہ کرنے کے لیے تڑپیں گے۔ لہٰذا سوشل میڈیا پر توہینِ رسالت ﷺ و مقدسات کے مرتکب افراد جن پر جرم ثابت ہو چکا ہے اُنہیں بچانے کی کوشش کرنے کی بجائے اُن کو سنائی جانے والی سزا پر عمل درآمد کیا جائے تاکہ قانونی تقاضے بھی پورے ہوں اور پاکستان کے 25 کروڑ مسلمانوں کے جذبات کے ساتھ کھلواڑ کرنے والے بھی اپنے منطقی انجام کو پہنچیں۔

جاری کردہ

رضاء الحق

مرکزی ناظم نشرواشاعت

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: August 29th, 2025

Western civilization is pursuing a satanic agenda to strip Muslims of the Love and Reverence of Holy Prophet Muhammad (*SAAW*).
Those blasphemers whose guilt has been established against the Holy Prophet (*SAAW*) and sacred symbols – and their facilitators – must be given due punishment.
(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, who said that although the history of blasphemy against the Holy Prophet (*SAAW*) and sacred symbols is very old – beginning soon after the Holy Prophet (*SAAW*) established the dominance of Islam when non-Muslim Orientalists in Arabia and Europe began launching malicious attacks on his noble personality and Islamic sacred values – in modern times, Islam's enemies have exploited social media to sow doubts in immature Muslim minds about Islam, the Qur'an, and the Holy Prophet (*SAAW*). He said these forces have devised ever-new methods of blasphemy to advance their satanic agenda, and it is the shared responsibility of the Government of Pakistan, the higher judiciary, establishment and Ulema to stop this menace.
Shujauddin Shaikh stated that although Western civilization has subdued the Muslim world politically and economically, socially and culturally the Muslim heart still holds immense love and devotion for the Qur'an and the Holy Prophet (*SAAW*). The passionate attachment and love for the Holy Prophet (*SAAW*) is the real asset of Muslims, which Western civilization seeks to destroy through every devilish tactic possible. He added that the Qadiani fitnah is also one of these tactics, and atheism is being strengthened through Qadianism. He warned that until those blasphemers whose guilt has been established against the Holy Prophet (*SAAW*) and sacred symbols are duly punished, this mischief will only grow – and millions of Muslims will be stirred to revive the memory of Ghazi Ilm-ud-Din Shaheed and Mumtaz Qadri Shaheed. Therefore, instead of attempting to protect those whose guilt has been legally established, their punishments must be carried out so that justice is served and the sentiments of Pakistan's 250 million Muslims are not trampled upon, and those guilty of playing with their emotions meet their logical end.

Issued by:
Raza-ul-Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat